بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

اعتراضات/ Representation بابت جدید حلقہ بندی (De-limitation) حلقہ PP 220 ملتان۔

جناب عالی! سائل حسب ذیل عرض پرداز ہے۔

1۔ یہ کہ من سائل پٹوار سرکل رڈ کا رہائشی اور سکونتی ہے اور من سائل کی تمام برادری اسی پٹوار سرکل میں عرصہ دراز سے رہائش پذیر ہے۔ اور اپنا کاروبار کرر ہے ہیں۔ من سائل عرصہ دراز سے موجودہ حلقہ PP 220 سابقہ حلقہ PP 203 میں شامل ہے مگر موجودہ حلقہ بندی کے تحت من سائل کے پٹوار سرکل کو موجودہ حلقہ PP 219 میں شامل کر دیا گیا ہے اور من سائل کا حلقہ موجودہ حلقہ PP 219 کے اختتام پر شامل ہے جس سے ایک سرے سے دوسرے سرے کا فاصلہ 25 سے 30 کلومیٹر سے زائد بنتا ہے جب کہ حلقہ PP 220 کے درمیان میں من سائل آباد ہے۔ اور اسطرح من سائل کے پولنگ اسٹیشن بھی من سائل کے گھر سے دور ہو جائیں گے۔

2۔ یہ کہ من سائل جغرافیائی اور ثقافتی طور پر اپنے عزیزداروں سے الگ ہو جائے گا اور سائل کی مشکلات میں اضافہ ہو جائے گا۔

3۔ یہ کہ موجودہ حلقہ PP 220 کی نئی حلقہ بندی کے مطابق من سائل کے انتخابی حلقہ سے پٹوار سرکل (I) گوپال پور (II) کوٹلہ رحم علی (III) بلی والا (iv) کبیر پور کو شامل کر دیا گیا جو کہ کسی طور بھی من سائل کے حلقہ میں Compact Block کی تعریف میں نہ آتے ہیں اور جغرافیائی طور پر بھی ان چار پٹوار سرکل کا کوئی بھی تعلق صوبائی حلقہ PP 220 سے نہ رہا ہے یہ چاروں پٹوار سرکل سابقہ حلقہ بندی حلقہ PP 202 اور موجودہ PP 219 کا حصہ رہے ہیں اور ان چاروں پٹوار سرکل کی کل آبادی 48785 بنتی ہے۔

4۔ یہ کہ سائل کے موجودہ صوبائی حلقہ PP 220 سے جو پٹوار سرکل نئی حلقہ بندی کے تحت نکالے گئے ہیں۔ ان میں پٹوار سرکل (I) جہان پور (ii) مبارک پور (iii) مخدوم پور (iv) رڈ ہیں۔ جن کی کل آبادی 44899 بنتی ہے۔ یہ چاروں پٹوار سرکل جغرافیائی اور ثقافتی طور پر موجودہ حلقہ PP 220 کا حصہ رہے ہیں۔ اوراس کے علاوہ سب سے اہم بات یہ ہے کہ اگر نقشہ کی مدد سے دیکھا جاوئے تو پٹوار سرکل رڈ چاروں اطراف سے من سائل کے موجودہ حلقہ PP 220 میں گھری ہوئی ہے۔ اوراسی طرح

(3)

مبارک پور، مخدوم پور اور جہان پور پٹوار سرکل کی بھی یہی صورت حال ہے۔

5۔ یہ کہ اگر ان چاروں پٹوار سرکل کو موجودہ حلقہ PP 220 میں شامل کیا جائے تو یہ Compact Block بنتا ہے۔

6۔ یہ کہ اگر نقشہ کا بغور مطالعہ کیا جاوے تو یہ بات بھی بالکل واضح طور پر عیاں ہیں ایک لکیر کی شکل کی طرح 16 سے 17 کلو میٹر لمبی پٹی من سائل کے موجودہ حلقہ PP 220 میں شامل کردی گئی ہے۔ جو کہ کسی طور بھی قانون کے مطابق نہ ہے۔

7۔ یہ کہ اگر چاروں پٹوار سرکل گوپال پور، کوٹلہ رحم علی، بلی والا اور کبیر پور کو موجودہ حلقہ PP 220 سے نکال دیا جائے اور حلقہ PP 219 سے شامل کردیا جائے اور حلقہ PP 219 سے پٹوار سرکل جہان پور مبارک پور، مخدوم پور اور رڈ کو نکال کر حلقہ PP 220 شامل کردیا جائے تو دونوں صوبائی حلقہ جات کی آبادی پر بھی کوئی فرق نہیں پڑے گا اور دونوں حلقہ جات بمطابق قانون Compact Block کی صورت اختیار کرلیں گے اور اس سے کسی بھی Administrative یونٹ یا باؤنڈری کو فرق نہ پڑیگا اور بمطابق قانون الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 20 جو کہ De-limitation کے اصول بیان کیئے گئے ہیں ان کی مکمل پاسداری بھی ہوجاوے۔

نوٹ:۔ بابت رہنمائی نقشہ جات لف اعتراضات ہیں۔

اندریں حالات بالانہایت ادب سے استدعا ہے کہ اعتراضات/Representation کو منظور فرماتے ہوئے پٹوار سرکل جہان پور آبادی 19135 پٹوار سرکل مبارک پور آبادی 11760 اور پٹوار سرکل مخدوم پور 5558، پٹوار سرکل رڈ آبادی 10901 کل آبادی 48785 کو صوبائی حلقہ PP 219 نکال کر صوبائی حلقہ PP 220 میں شامل فرمایا جاوے اور ان کی جگہ پٹوار سرکل گوپال پور آبادی 6820، پٹوار سرکل کوٹلہ رحم علی آبادی 15532، پٹوار سرکل بلی والا 15532 اور پٹوار سرکل کبیر پور آبادی 8446 ٹوٹل آبادی 44899 کو صوبائی حلقہ PP 220 سے نکال کر صوبائی حلقہ PP 219 میں شامل فرمائے جانے کا حکم صادر فرمایا جاوے جو کہ قرین انصاف اور بمطابق قانون ہے۔

عرضے

محمد اکرم ولد منشی خان سکنہ چک نمبر F-3 ڈاکخانہ پٹوار سرکل رڈ تحصیل ملتان صدر ضلع ملتان

شناختی کارڈ نمبر:۔

بذریعہ کونسل:۔

راؤ افتخار لیاقت ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

عزیز بلاک ضلع کچہری ملتان